17-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ سپریم کورٹ نے آج مرکزی حکومت کی اس یقین دہانی کو ریکارڈ کیا کہ اگلی سماعت تک وقف بورڈ یا سنٹرل وقف کونسل میں وقف (ترمیمی) ایکٹ 2025 کے تحت کوئی نئی تقرری نہیں کی جائے گی۔

۲۔ تلنگانہ حکومت اور جاپان کی کمپنی ماروبینی کارپوریشن کے درمیان دستخط شدہ خطوط کا تبادلہ ہوا جس کے ذریعہ فیوچر سٹی میں انڈسٹریل پارک قائم کرنے کیلئے پیشرفت ہوگی۔

۳۔ نیشنل ہیرالڈ کیس میں ای ڈی کی جانب سے سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کے خلاف چارج شیٹ داخل کئے جانے پر تلنگانہ کانگریس لیڈرس نے آج انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے دفتر کے روبرو دھرنا دیا۔

۴۔ بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے کانچہ گچی باؤلی اراضی کیس میں کانگریس حکومت کی جانب سے ماحولیاتی قواعد کی خلاف ورزی اور مالی بے ضابطگیوں کی آزادانہ تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

WAVES ANTI-PIRACY:

ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ (WAVES) 2025 کے کریئیٹ اِن انڈیا پہل کے تحت، حیدرآباد کی 2 اسٹارٹ اپس کمپنیوں کو فائنل کے لئے تخفیف شدہ فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ملک بھر سے 1600 سے زائد اسٹارٹ اپس، ٹکنالوجی فراہم کرنے والے، تحقیقی ادارے اور طلبہ نے رجسٹریشن کیا تھا تاہم 132 نے اپنے آئیڈیاز پیش کئے۔ بھرتھ نالوبولا، نیورونکس کے پروڈکٹ اسپیشلسٹ اور ارون کمار کنیکا پتی نے ویڈیو پروٹیکشن سوٹ کا ایک آئیڈیا پیش کیا۔ بھرتھ نے ہمارے نمائندے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی ایک کمپنی Nuronics نے ملک میں تیار کردہ ایک جدید اینٹی پائیریسی SaaS سلوشن، nTrack متعارف کرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خصوصیات کا ایک طاقتور امتزاج پیش کرتا ہے جس میں متحرک واٹر مارکنگ، واٹر مارک نکالنا، بحری قزاقی کا پتہ لگانا، اور دیگر شامل ہیں- یہ سبھی لائیو اور پہلے سے ریکارڈ شدہ ویڈیو مواد دونوں کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔

Sound byte Bharat

رئیل ٹائم مواد کی تصدیق کیلئے ایٹم سٹیٹ سے کرشنا چلہ اور سی وینکٹا سبرامنیم کا آئیڈیا بھی فائنلسٹ میں جگہ پاتا ہے۔ یہ فائنلسٹ اگلے ماہ ممبئی میں ویوز پلیٹ فارم پر فائنل جیوری اور لائیو سامعین کے سامنے اپنے اختراعی حل پیش کریں گے۔

EVE SC-WAQF:

سپریم کورٹ نے آج مرکزی حکومت کی اس یقین دہانی کو ریکارڈ کیا کہ اگلی سماعت تک وقف بورڈ یا سنٹرل وقف کونسل میں وقف (ترمیمی) ایکٹ 2025 کے تحت کوئی نئی تقرری نہیں کی جائے گی۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی قیادت والی بنچ، جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی۔ وشواناتھن نے سالیسٹر جنرل تشار مہتا کی اس یقین دہانی کو بھی نوٹ کیا کہ موجودہ وقف املاک کی حیثیت، بشمول "صارف کے ذریعہ وقف" کے طور پر درجہ بندی کی گئی، فی الحال کوئی تبدیلی نہیں رہے گی۔ عدالت نے مرکز کو حکم دیا کہ وہ وقف ایکٹ 1995 میں حالیہ ترامیم کے آئینی جواز کو چیلنج کرنے اور روک لگانے کی درخواستوں کے بیچ سات دنوں کے اندر اپنا جواب داخل کرے۔ اب اس معاملے کی سماعت 5 مئی کو ہوگی۔ عدالت نے درخواستوں اور تحریری گذارشات کو ہموار کرنے کے لیے نوڈل کونسل کی تقرری کا بھی حکم دیا۔

PROTEST:

نیشنل ہیرالڈ کیس میں ای ڈی کی جانب سے سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کے خلاف چارج شیڈ داخل کئے جانے پر تلنگانہ کانگریس لیڈرس نے آج انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے دفتر کے روبرو دھرنا دیا۔ ریاستی کانگریس پارٹی کے سربراہ مہیش کمار گوڑ، سینئر پارٹی لیڈرس و وزرا بشمول جوپلی کرشنا راؤ، پونم پربھاکر اور ناگیشور راؤ نے گرین پارک سے ای ڈی آفیس تک ایک ریالی نکالی۔ انہوں نے دھرنا دیا اور الزام عائد کیا کہ مرکزی ایجنسی، گاندھی خاندان کے خلاف جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔ مہیش گوڑ نے الزام عائد کیا کہ این ڈی اے حکومت اور بی جے پی ایجنسی کا استعمال کر رہے ہیں تا کہ سیاسی مخالفین کو دبایا جاسکے۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ نریندر مودی حکومت سیاسی طور پر کانگریس کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہے۔ لہٰذا پارٹی لیڈرس کو ہراساں کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

TGMDC:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ دبئی میں ہلاک تلنگانہ کے دو افراد کے خاندان کے ارکان کو آؤٹ سورسنگ ملازمت فراہم کی جائے۔ ٹی جی ایم ڈی سی کے چیرمین انیل کمار نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ سی ایم نے جو اس وقت جاپان میں ہیں، اِس معاملہ پر اپنا ردِعمل ظاہر کیا اور لاشوں کو جس قدر جلد ہوسکے وطن لانے کے لئے عہدیداروں کو اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ مہلوکین پریم ساگر ضلع نرمل کے منڈل سون اور سورگم سرینواس ضلع جگتیال کے موضع دمن پیٹ کے متوطن تھے جو 11 اپریل کو دبئی میں ہلاک ہوگئے تھے۔

JAL SHAKTI RIVERR:

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے نئی دہلی میں آج ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم لانچ کیا تا کہ ماحولیات کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جاسکیں۔ وزیر نے اس موقع پر مختلف پراجکٹس کے تحت ایک جائزہ اجلاس کی صدارت بھی کی۔ اِس اقدام کے ذریعہ مختلف دریاؤں جیسے گنگا، کاویری، گوداوری اور دیگر پر نظر رکھی جائے گی۔ وزیر نے اس موقع پر گنگا کی صفائی کے لئے قومی مشن شروع کئے جانے کے کاموں کی ستائش کی۔ پاٹل نے اس موقع پر معلومات پر مشتمل تیار کردہ مختلف اشیاء بھی جاری کیں۔

IPL-CRICKET:

ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں آج شام میزبان ممبئی انڈینس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان آئی پی ایل کا ایک میاچ کھیلا جائے گا جو ساڑھے سات بجے شام سے شروع ہوگا۔ کل شب دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میاچ میں دہلی کیپٹلس نے سنسنی خیز سوپر اوور میں راجستھان رائلز کو شکست دی۔

CHARGE:

ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج، جسٹس شمیم اختر نے آج تلنگانہ ہیومن رائٹس کمیشن کے صدرنشین کی حیثیت سے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ ان کے علاوہ ریٹائرڈ سلیکشن گریڈ ڈسٹرکٹ جج سیوادی پراوینا کورکن (عدلیہ) اور ریٹائرڈ آئی اے ایس آفیسر ڈی کیشور کورکن (غیر عدلیہ) کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ اِن دونوں عہدیداروں نے بھی اس موقع پر جائزہ حاصل کرلیا۔

CM-SONY:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت تلنگانہ کے سرکاری وفد نے آج سونی کارپوریشن کے ہیڈکوارٹرس کا دورہ کیا۔ سونی کارپوریشن کے عہدیداروں نے وفد کو مختلف نئے اقدامات سے واقف کروایا اور کام کے طریقوں کے علاوہ نئی اشیاء کے تعلق سے تفصیلات پیش کیں۔ مذکورہ وفد نے اس کے علاوہ کمپنی کے تعلق سے بھی دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے اِس موقع پر حیدرآباد میں انیمیشن وی ایف ایکس اور گیمنگ کے شعبوں کے مستحکم ہونے کے تعلق سے تفصیلات بیان کیں۔

MARUBENI:

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جاپان میں سرکردہ صنعتی کمپنی ماروبینی کارپوریشن کی سینئر قیادت سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد توانائی، حمل و نقل، رئیل اسٹیٹ، صنعتی انفرااسٹرکچر، طبی خدمات اور تجارت وغیرہ کیلئے اپنے مفادات کا اظہار کرنا تھا۔ جاپان کے سرکاری دورہ کے پہلے دن دارالحکومت ٹوکیو میں یہ ملاقات ہوئی۔ بعدازاں ماروبینی کارپوریشن کے ذمہ داروں نے فیوچر سٹی میں صنعتی پارک قائم کرنے کے لئے اپنی دلچسپی ظاہر کی جبکہ دونوں فریقین نے اس سلسلہ میں اپنی خواہشات پر مبنی ایک خط پر دستخط کئے۔ فیوچر سٹی میں ایک ہزار روپے کی بنیادی سرمایہ کاری کی تجویز رکھی گئی ہے۔ جس کے ذریعہ عالمی سطح کا صنعتی پارک 600 ایکر اراضی پر مرحلہ واری اساس پر قائم کیا جائے گا۔

KTR:

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانچہ گچی باؤلی اراضی کیس میں کانگریس حکومت کی جانب سے ماحولیاتی قواعد کی خلاف ورزی اور مالی بے ضابطگیوں کی آزادانہ تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ کے ٹی آر نے کسی موجودہ جج یا سی بی آئی، سی وی سی، سیبی یا آر بی آئی جیسی کسی ایجنسی کے ذریعہ اس معاملہ کی اعلیٰ سطح تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ راما راؤ نے اس معاملہ میں سپریم کورٹ کے بنچ کے فیصلہ کی ستائش کی۔ تلنگانہ بھون میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکزی اختیاری کمیٹی نے اس معاملہ کی آزادانہ تحقیقات کی سفارش کی تھی۔ اسی دوران کے ٹی آر نے کہا کہ ریونت ریڈی نے اس معاملہ میں بعض اہم عہدیداروں بشمول آئی اے ایس آفیسر اور محکمہ جنگلات کے عہدیداروں کو قربانی کا بکرہ بناتے ہوئے غلطی کی ہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ ریونت ریڈی کو اس معاملہ میں ذمہ داری لینی چاہئے اور پوری طرح وضاحت کرنے کے لئے آگے آنا چاہئے۔

VP - SC:

نائب صدر جگدیپ دھنکر نے بلوں کے معاملہ میں صدر کیلئے سپریم کورٹ کی جانب سے مخصوص مہلت دئے جانے کے فیصلہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اس وقت تک ایک اچھی جمہوریت نہیں بن سکتا جب تک کے ججس قانون سازی کریں، انفرادی طور پر اقدامات کریں جیسا کہ سپریم کورٹ نے کیا ہے۔ نئی دہلی میں آج نائب صدر کے انکلیو پر راجیہ سبھا کے چھٹویں بیاچ سے خطاب کرتے ہوئے دھنکر نے یہ بات نوٹ کی کہ اختیارات کا استعمال کرنے کے دوران کسی بھی شخص کو نہایت حساس ہونا چاہئے۔

SOUND BYTE VP

نائب صدر نے یہ ریمارکس ایسے وقت کئے جب کچھ دن پہلے ہی ایپکس عدالت نے اپنا ایک فیصلہ دیا تھا جس کے تحت صدر اور ریاستی گورنرس کو قانون سازی کیلئے بلوں کی منظوری کی مخصوص دی گئی تھی۔

WEATHER:

ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا کافی امکان ہے۔ جنوبی تلنگانہ کے اضلاع میں کہیں کہیں ژالہ باری کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی قوی امکان ہے۔ توقع ہے کہ اعظم ترین و اقل ترین درجہ حرارت 38 اور 25 ڈگری سلسیس کے آس پاس رہے گا۔

OO